## حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی درگاہ کے سجادہ نشین سید ناظم علی نظامی کے والد سید عارف علی نظامی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محبوب الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی درگاہ کے سجادہ نشین سید ناظم علی نظامی کے والد سید عارف علی نظامی کے انتقال پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔سید عارف علی نظامی کا انتقال چندروز قبل دہلی میں ہوا۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سید ناظم علی نظامی اوران کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید عارف علی نظامی مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔

## حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کی جانب سے ناظم آباد گلبہار میں موبائل یوٹیلیٹی سروسز کا انعقاد
## عوام نے موبائل یوٹیلیٹی سروسز سے بھرپور استفادہ کیا اورسستے داموں اشیائے خوردونوش حاصل کیں
## رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے یوٹیلی سروسز کے انتظامات کا جائزہ لیا

کراچی۔۔۔22مئی 2008ء

ناظم آباد گلبہار سے منتخب ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اشیائے خوردونوش کی بڑھتی ہوئی قیمتی کے پیش نظر عوام کو لاحق مشکلات و پریشانیوں کے باعث گزشتہ روز موبائل یوٹیلیٹی سروسز کا انعقاد کیا جہاں آٹے سمیت دیگر اشیائے خوردونوش عوام کو کم داموں فروخت کی گئیں۔اس سلسلے میں باقاعدہ کیمپ کا انعقاد کیا گیا تھا جہاں موبائل یوٹیلیٹی سروسز کے سلسلے میں تین ٹرک اشیائے خوردونوش سے بھرے ہوئے تھے۔موبائل یوٹیلیٹی سروسز کے سلسلے میں لگائے گئے کیمپ کا ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری اور رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر نے دورہ کیا اوراشیائے خوردونوش کی سستے داموں عوام کو فراہمی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔موبائل یوٹیلیٹی سروسز کی سہولت سے علاقے کے عوام نے بڑی تعداد میں استفادہ کیا جن میں خواتین کی اکثریت نمایاں تھی۔اس موقع پر عوام نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موبائل یوٹیلیٹی سروسز کا انعقاد اس بات کا ثبوت ہے کہ حق پرست نمائندے عوامی مسائل کو نہ صرف محسوس کررہے ہیں بلکہ اس کے حل کیلئے عملی کاوشیں بھی انجام دے رہے ہیں۔

## ممتاز شاعر رفیق عزیزی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔22مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اردو کے ممتاز شاعر اورصحافی رفیق عزیزی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم اوورسیز کے کارکن انعام کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔22مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اوورسیز ہیوسٹن یونٹ کے کارکن انعام کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیوایم امریکہ کے آرگنائزر اورآرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان وکارکنان نے بھی انعام کی والدہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اورسوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## وادی نیلم میں ایم کیوایم کے گرفتار کارکنوں کوفوری طور پر رہا کیا جائے، طاہر کھوکھر

اسلام آباد۔۔۔22،مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ وادی نیلم میں ایم کیوایم کے گرفتار کارکنوں کوفوری طور پر رہا کیا جائے اوران کے خلاف بنائے گئے جھوٹے مقدمات بھی ختم کئے جائیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ وادی نیلم میں عوام نے اپنے حقوق کیلئے 17 مئی کوعوامی متحدہ محاذ کی اپیل پر پرامن احتجاج کیا۔ایم کیوایم نے عوامی متحدہ محاذ کی اپیل پر ہڑتال کی حمایت کی اس دن کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا اگلے روز پولیس نے شاردہ کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے کارکنوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے شروع کردیئے۔انہوں نے کہا کہ وادی نیلم سے ایم کیوایم کے 27 بے گناہ کارکنوں کوگرفتار کیا گیا جن میں عبدالقیوم،شیر زمان،محمد شفیع،شاہ محمد،صراف الدین،عبدالقیوم،محمد ایوب،محمد امین، شاہ دین،منیر خان،محمد حسین،تنویر خان،محمد طاہر،طاہر اسلام خان زمان،عمر دین،شاہ سوار شامل ہیں۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ گزشتہ رات کوڈکور میں پولیس نے ایم کیوایم کے کارکنوں کے خلاف پھر چھاپے مارے اورعبدالقیوم کے اہل خانہ کے ساتھ بدتمیزی کی اور خواتین پر تشدد کیا گیا اوران کو ایم کیوایم چھوڑنے پر مجبور کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ وادی نیلم میں پولیس نے ایم کیوایم کے خلاف انتقامی کارروائی شروع کررکھی ہے کسی شخص کوگرفتار افراد سے ملاقات کی اجازت نہیں ہے۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ گرفتار افراد میں سے تین افراد پولیس تشدد سے شدید زخمی ہیں لیکن ان کوطبی سہولیت مہیا نہیں کی گئی۔۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ علاقے میں میڈیا کی رسائی نہ ہونے کی وجہ سے اصل حقائق کو چھپایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر حکومت اپنی کرپشن سے توجہ ہٹانے اور 6 مارچ کے اسمبلی واقعہ پر پردہ ڈالنے کیلئے وادی نیلم کے واقعہ میں ایم کیوایم کوملوث کرکے ہراساں کررہی ہے اور مجھے قتل کی دھمکیاں بھی دی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے حقوق پر کوئی سودے بازی نہیں کریں گے، وادی نیلم سمیت تمام پسماندہ علاقوں میں عوام کو قائد تحریک کے منشور سے آگاہی فراہم کی جائے گی۔طاہر کھوکھر نے صدر پاکستان پرویز مشرف اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے کارکنوں کی گرفتاریاں بند کرائی جائیں اور گرفتار شدگان کو رہا کرایا جائے۔

## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے زیراہتمام برطانیہ یونٹ کے سابق آرگنائزر سید اکبراورانٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے رکن سرفراز احمد کے بہنوئی محمد جمال خان کی روح کے ایصال ثواب کے لیےقرآن خوانی کا اجتماع

لندن 21 مئی 2008ء

ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے زیراہتمام برطانیہ یونٹ کے سابق آرگنائزر سید اکبراورانٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے رکن سرفراز احمد کے بہنوئی محمد جمال خان کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورمرحومین کیلئے دعائے مغفرت اورلواحقین کے لئے صبرجمیل کی دعا کی گئی۔قرآن خوانی کا اجتماع ایم کیوایم برطانیہ آفس واقع لندن کے علاقہ ایجویئر میں منعقد کیا گیا جس میں ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆